## جناح گراؤنڈ میں ہونے والا ایم کیو ایم کا جنرل ورکرز اجلاس

## اور یادگار شہدائے حق کا افتتاح سیکورٹی وجوہات کی بناء پر ملتوی کر دیا گیا

## کل بروز ہفتہ لال قلعہ گراؤنڈ میں شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی ہوگی

## کارکنان وعوام قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماع میں بھرپور شرکت کریں، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔18 جون، 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت کل بروز ہفتہ مورخہ 19/جون 2010ء کو جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ایم کیو ایم کا جنرل ورکرز اجلاس اور یادگار شہدائے حق کا افتتاح سیکورٹی کی وجوہات کی بناء پر ملتوی کر دیا گیا ہے۔ رابطہ کمیٹی کی جانب سے یادگار شہدائے حق کے افتتاح کی آئندہ تاریخ کا اعلان جلد کر دیا جائے گا۔

دریں اثناء ایم کیو ایم کے تحت کل بروز ہفتہ بعد نماز عصر لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں حق پرست شہداء کے ایصال ثواب کے لئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔

ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی نے حق پرست کارکنان وعوام سے اپیل کی کہ وہ حق پرست شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماع میں بھرپور شرکت کریں۔

☆☆☆☆☆